باخبر، پُراثر، نقیبِ فکر و نظر
روزنامہ
عصرِ حاضر

عصرِ حاضر
باخبر، پُراثر، نقیبِ فکر و نظر
ASR-E-HAZIR

05/ربیع الثانی 1448ھ مطابق 18/ستمبر 2026ء بروز جمعہ جلد: (۶)

# مولانا آزاد میں بی ٹیک بی ایڈ ایم بی اے ایل ایل بی کی فیس بہت ہی کم

## آئی ٹی آئی کورسیس میں سالانہ صرف 60 روپے فیس۔ گورنمنٹ جونیئر کالج چنچل گوڑہ کی طالبات سے پروفیسر مصطفی علی سروری کا خطاب



حیدرآباد 17 ستمبر (راست) پروفیسر مصطفی علی سروری عہدیدار تعلقات عامہ ورکن ایگزیکیٹو و اکیڈیمک کونسل مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بتایا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی گچی باؤلی حیدرآباد کا قیام ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم وممتاز مجاہد آزادی ہند مولانا ابوالکلام آزاد کی یاد میں 1998ء میں عمل میں آیا یہ یونیورسٹی اردو زبان سے تعلیم حاصل کرنے والوں کے لیے ایک بہت بڑی نعمت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مولانا آزاد یونیورسٹی کے مشاہدہ کے لیے گورنمنٹ جونیئر کالج چنچل گوڑہ کے اسٹاف اور طالبات سے کیا جو "اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں" پروگرام کے تحت مشاہدے کے لیے یونیورسٹی آئے تھے جس کا اہتمام مانو المنائی اسوسی ایشن (انجمن طلبائے قدیم مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی) کے صدر جناب اعجاز علی قریشی ایڈوکیٹ نے کیا تھا پروفیسر مصطفی علی سروری نے یونیورسٹی کے مختلف فارغین کی کامیاب جدوجہد کو سناتے ہوئے فارغین کی اعلی تعلیمی صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا اور یونیورسٹی کے فارغین جو مختلف ملٹی نیشنل کمپنیوں کے علاوہ بیرون ممالک برسر روزگار ہیں ان کے ناموں اور ان کی تعلیمی دلچسپی کا تفصیلی طور پر تذکرہ بھی کیا انہوں نے طالبات سے کہا کہ وہ عزم مصمم کے ساتھ تعلیم حاصل کریں انہوں نے بتایا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ہندوستان بھر میں وہ واحد سنٹرل یونیورسٹی ہے جس میں بی ایڈ کورس کی سب سے زیادہ 1200 نشستیں ہیں انہوں نے یہ بھی کہا کہ یونیورسٹی کی 28 سالہ تاریخ میں پروفیسر سید عین الحسن وہ واحد وائس چانسلر ہیں جنہوں نے حیدرآباد کے طلباء کے زیادہ سے زیادہ داخلوں کو یقینی بنانے کے لیے مقامی طلبا کے لیے 10 فیصد کوٹہ مقرر کیا ہے یہی نہیں بلکہ انہوں نے "اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں" پروگرام کے تحت ہر ہفتہ اسکولی و کالجس کے طلباء وطالبات کے علاوہ مدارس کے طلبہ وطالبات کو بھی یونیورسٹی کا مشاہدہ کرانے کی غرض سے یونیورسٹی سے اسکول و کالجس تک اور پھر واپسی کے لیے یونیورسٹی کی بس کا راست مفت انتظام کیا ہے اب تک مختلف اسکول اور کالجس اور مدارس کے ہزاروں طلبہ وطالبات نے یونیورسٹی کا مشاہدہ کرتے ہوئے یہاں پر تعلیمی فیس معلوم کرنے کے بعد آگے تعلیم جاری رکھنے کے متعلق اپنی نہ صرف گہری دلچسپی دکھائی ہے بلکہ فیس کی بہت ہی کم شرح پر اپنی خوشگوار حیرانی کا بھی اظہار کیا ہے اور بہت ساری طالبات نے یونیورسٹی سے واپس جاتے وقت یونیورسٹی میں داخلہ لینے کا ارادہ کیا ہے انہوں نے بتایا کہ مولانا آزاد یونیورسٹی گچی باؤلی حیدرآباد میں آئی ٹی آئی کے کورسیس کی فیس بہت ہی کم ہے یعنی پلمبنگ کے ایک سالہ کورس کی سالانہ فیس صرف 60 روپے ہے اس کے علاوہ اے سی ٹیکنیشن اینڈ ریفریجریشن کے 2 سالہ کورس کی سالانہ فیس بھی 6 0 روپے ہے اور یہ 60 روپے بھی کورس کے اختتام کے بعد تربیت حاصل کرنے والوں کو واپس دے دیے جاتے ہیں انہوں نے بتایا کہ 4 سالہ بی ٹیک ریگولر کورس میں ہر سمسٹر کے لیے لڑکیوں سے صرف ایک ہزار 650 اور لڑکوں کے لیے ہر سمسٹر کے لیے صرف 5 ہزار 500 فیس رکھی گئی ہے۔ بی ایڈ ریگولر 2 سالہ کورس کے لیے ہر سمسٹر کی فیس 5 ہزار 500 روپیے اس طرح سے جملہ سالانہ فیس 11 ہزار روپے ہے اس کے علاوہ ایم بی اے ریگولر 2 سالہ کورس کی سالانہ فیس 10.500 روپے ہے اس کے علاوہ 4 سالہ بی اے ایل ایل بی کورس ریگولر کی ایک سال کی فیس 11250 ہے اسی طرح 2 سالہ ایم سی اے کورس ریگولر کی سالانہ فیس 3650 ہے انہوں نے بتایا کہ ایم سی اے 2 سالہ ریگولر کورس کی 4 سمسٹر کی فیس 10 ہزار 600 روپے ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ایم سی جے دو سالہ ریگولر کورس کی سالانہ فیس 11 ہزار روپے ہے اور ایم کام 2 سالہ ریگولر کورس کی فیس سالانہ 10 ہزار 600 روپے ہے انہوں نے والدین سے خواہش کی کہ وہ اپنے لڑکے اور لڑکیوں کی اعلی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں صرف ایس ایس سی یا پھر انٹرمیڈیٹ تک ان کی تعلیم کو محدود نہ کریں اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر صالحہ شاہین لیکچرر ہسٹری/سویکس نے کہا کہ پرنسپل گورنمنٹ جونیئر کالج چنچلگوڑہ جناب پیتمبر جے کرشنا کی خصوصی دلچسپی اور مانو المنائی اسوسی ایشن کی کاوشوں کے نتیجہ میں اس کالج کی طالبات کو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے مشاہدے کا موقع ملا انہوں نے کہا کہ واقعی مولانا آزاد اردو یونیورسٹی اردو والوں کے لیے بہت ہی کم فیس پر تعلیمی مواقع فراہم کررہی ہے جس سے اردو میڈیم طلبہ وطالبات کو بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے انہوں نے اس سلسلے میں وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور طالبات سے اپیل کی کہ وہ اس یونیورسٹی سے ضرور تعلیم حاصل کریں کو آرڈینیٹر مانو المنائی اسوسی ایشن جناب محمد حسام الدین ریاض نے کارروائی چلائی اور پروفیسر عین الحسن کے علاوہ پروفیسر مصطفی علی سروری اور مانو المنائی اسوسی ایشن کے صدر جناب اعجاز علی قریشی ایڈوکیٹ سے اظہار تشکر کیا بعد ازاں طلبہ وطالبات نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا مشاہدہ کیا انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر جناب رضوان احمد نے طالبات کو میڈیا سنٹر کا مشاہدہ کروایا محترمہ ہاجرہ بیگم اسسٹنٹ لائبریرین نے لائبریری کی کتابوں سے طالبات کو واقف کروایا طالبات اور اسٹاف نے یونیورسٹی کے تمام ذمہ داروں سے اظہار تشکر کیا۔

1 8 SEP 2026

سیاست

## ہزاروں روپئے میں لاکھوں کا مقابلہ کریں

# کم فیس میں انجینئرنگ، بی ایڈ، ایم بی اے، ایم سی اے و دیگر کورسیس

## اردو یونیورسٹی میں 10 فیصد لوکل کوٹہ، اہل تلنگانہ بھرپور فائدہ اٹھائیں: سروری

حیدرآباد 17 ستمبر (راست) پروفیسر مصطفیٰ علی سروری عہدیدار تعلقات عامہ ورکن ایگزیکٹیو واکیڈیمک کونسل مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بتایا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی گچی باؤلی حیدرآباد کا قیام ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم وممتاز مجاہد آزادی ہند مولانا ابوالکلام آزاد کی یاد میں 1998ء میں عمل میں آیا یہ یونیورسٹی اردو زبان سے تعلیم حاصل کرنے والوں کے لیے ایک بہت بڑی نعمت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مولانا آزاد یونیورسٹی کے مشاہدہ کے لیے گورنمنٹ جونیئر کالج چنچل گوڑہ کے اسٹاف اور طالبات سے کیا جو "اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں " پروگرام کے تحت مشاہدے کے لیے یونیورسٹی آئے تھے۔ جس کا اہتمام مانو المنائی اسوسی ایشن (انجمن طلبائے قدیم مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی) کے صدر جناب اعجاز علی قریشی نے کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مولانا آزاد یونیورسٹی، گچی باؤلی، حیدرآباد میں آئی ٹی آئی کے کورسیس کی فیس بہت ہی کم ہے۔ یعنی پلمبنگ کے ایک سالہ کورس کی فیس صرف 60 روپے ہے۔ اس کے علاوہ اے سی ٹیکنیشن اینڈ ریفریجیشن کے 2 سالہ کورس کی فیس بھی 60 روپے ہی ہے اور یہ 60 روپے بھی کورس کے اختتام کے بعد قابل واپسی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 4 سالہ بی ٹیک ریگولر کورس میں ہر سمسٹر کے لیے لڑکیوں سے صرف ایک ہزار 650 اور لڑکوں کے لیے ہر سمسٹر کے لیے صرف 5 ہزار 500 فیس رکھی گئی ہے بی ایڈ ریگولر 2 سالہ کورس کے لیے ہر سمسٹر کی فیس 5 ہزار 500 روپے، اس طرح سے جملہ سالانہ فیس 11 ہزار روپے ہے اس کے علاوہ ایم بی اے ریگولر 2 سالہ کورس کی سالانہ فیس 10,500 روپے ہے اس کے علاوہ 4 سالہ بی اے ایل ایل بی کورس ریگولر کی ایک سال کی فیس 11,250 ہے اسی طرح 2 سالہ ایم سی اے کورس ریگولر کی سالانہ فیس 3650 ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایم سی اے 2 سالہ ریگولر کورس کی 4 سمسٹر کی فیس 10 ہزار 600 روپے ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ایم سی جے دوسالہ ریگولر کورس کی سالانہ فیس 11 ہزار روپے ہے اور ایم کام 2 سالہ ریگولر کورس کی فیس سالانہ 10 ہزار 600 روپے ہے۔ انہوں نے والدین سے خواہش کی کہ وہ اپنے لڑکے اور لڑکیوں کی اعلی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں۔ اس موقع پر کرتے ہوئے ڈاکٹر صالحہ شاہین نے کہا کہ پرنسپل گورنمنٹ جونیئر کالج چنچلگوڑہ جناب پیتمبر جے کرشنا کی خصوصی دلچسپی اور مانو المنائی اسوسی ایشن کی کاوشوں کے نتیجہ میں اس کالج کی طالبات کو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے مشاہدے کا موقع ملا۔ انہوں نے اس سلسلے میں وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ جناب اعجاز علی قریشی صدر مانو المنائی اسوسیشن نے کہا کہ اسوسی ایشن کا مقصد یہی ہے کہ مختلف اسکولز و کالجز کے علاوہ مدارس کے انتظامیہ سے راست طور پر رابطہ کرتے ہوئے طلباء و طالبات کو یونیورسٹی کا مشاہدہ کروارہی ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ جناب سید عبدالحلیم نے کہا کہ معاشی پریشانیاں اپنی جگہ ہیں لیکن حالات اور مصائب اور معاشی تنگی کے باوجود طلبا و طالبات کی تعلیم سے دلچسپی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ جب تک حوصلے بلند رہتے ہیں کامیابیاں ہمارے قدم چومتی ہیں۔ محترمہ شیمم محمدی، محترمہ بی سورنا لتا، جناب ناصر حسین جنرل سیکرٹری مانو المنائی اسوسی ایشن بھی موجود تھے کوآرڈینیٹر مانو المنائی اسوسی ایشن جناب محمد حسام الدین ریاض نے کاروائی چلائی اور پروفیسر عین الحسن کے علاوہ پروفیسر مصطفیٰ علی سروری اور مانو المنائی اسوسی ایشن کے صدر جناب اعجاز علی قریشی سے اظہار تشکر کیا بعد ازاں طلبہ و طالبات نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا مشاہدہ کیا انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائریکٹر جناب رضوان احمد نے طالبات کو میڈیا سنٹر کا مشاہدہ کروایا محترمہ ہاجرہ بیگم نے لائبریری کی کتابوں سے طالبات کو واقف کروایا طالبات اور اسٹاف نے یونیورسٹی کے تمام ذمہ داروں سے اظہار تشکر کیا۔

